11 جون 2018ء

مالی سال 18ء کے ابتدائی گیارہ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 18 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے ابتدائی گیارہ ماہ (جولائی تا مئی) میں 18028.24 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جس سے گذشتہ برس کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 17511.12 ملین ڈالر کے مقابلے میں 2.95 فیصد نمو ظاہر ہوتی ہے۔

مئی 2018ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1771.24 ملین ڈالر تھی جو اپریل 2018ء کے مقابلے میں 7.30 فیصد زیادہ، اور مئی 2017ء کے مقابلے میں 5.13 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک مئی 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 432.05 ملین ڈالر، 369.92 ملین ڈالر، 276.55 ملین ڈالر، 254.31 ملین ڈالر، 178.96 ملین ڈالر، اور 60.31 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ مئی 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 514.5 ملین ڈالر، 426.68 ملین ڈالر، 248.88 ملین ڈالر، 239.2 ملین ڈالر، 209.95 ملین ڈالر اور 51.2 ملین ڈالر تھیں۔ مئی 2018ء کے دوران ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 316.77 ملین ڈالر رہیں جبکہ مئی 2017ء میں ان ملکوں سے 271.79 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

****